سوال

(380) دوسری جماعت کا ثواب بھی پہلی کے برابر ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اکثر اہلِ حدیث مساجد میں جماعت کے بعد آنے والے حضرات اپنی دوبارہ جماعت کراتے ہیں۔ کیا یہ لوگ پہلی جماعت کے برابر ثواب کے مستحق ہیں۔ نیز ایک نماز کےلیے زیادہ سے زیادہ ایک ہی مسجد میں کتنی بار جماعت سے نماز ادا کی جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلاعذر پہلی جماعت سے غیر حاضر نہیں رہنا چاہیے اس کا ثواب زیادہ ہے۔ کیونکہ یہ اصل ہے بعد میں جماعت کرانے والے بھی اجر و ثواب سے محروم نہیں رہیں گے۔ جماعتوں کی تعداد کی کوئی حد بندی نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :350

محدث فتویٰ